# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL ON THE CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898) [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (Private Member's Bill), referred to the Committee on 17th December, 2024.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| 3. | Chaudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| 4. | Ms. Nosheen Iftikhar | Member |
| 5. | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| 6. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 7. | Haji Jamal Shah Kakar | Member |
| 8. | Syed Rafiullah | Member |
| 9. | Sardar Nabeel Ahmed Gabol | Member |
| 10. | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 11. | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12. | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| 13. | Mr. Muhammad Ijaz -Ul- Haq | Member |
| 14. | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| 15. | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| 16. | Mr. Mohammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| 17. | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| 18. | Syed Mohsin Raza Naqvi<br>Minister for Interior and Narcotics Control | *Ex-officio* Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at '**Annexure-'A'**, in its meetings held on 26-5-2025, 9-7-2025, 05-8-2025 and proposed the following amendment, therein:-

**Clause 2**

In clause 2, the paragraph (a) shall be omitted, and the text mentioned against paragraph (b), shall be read in continuation after the expression "Schedule II,".

4. The Committee recommended that the Bill, as reported by the Standing Committee, placed at '**Annexure-'B'**, may be passed by the National Assembly.

Sd/-
**(Tahir Hussain)**
Secretary General
*Islamabad, the 20th August, 2025*

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman

**ANNEXURE-A**

**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898*

WHEREAS it is expedient further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**-(1) This Act may be called the Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of schedule II, Act V of 1898.-** In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), in Schedule II,

(a) in column 1, in section 319, for the corresponding entry related thereto in column 5, for the expression "bailable" the expression "non-bailable" shall be substituted; and

(b) in column 1, in section 320, for the corresponding entry related thereto in column 5, for the expression "bailable" the expression "non-bailable" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The current legal framework in Pakistan regarding fatal accidents, particularly under Section 320 of the Pakistan Penal Code (PPC), reveals significant deficiencies that require urgent reform. This section categorizes Qatl-i-Khata, resulting from rash or negligent driving, as a bailable offense. Such a classification not only undermines the gravity of the crime but also permits offenders to exploit legal loopholes, resulting in a lack of accountability for actions that can lead to tragic outcomes for victims and their families.

The inconsistency in the treatment of offenses further complicates the legal landscape. While Qatl-bis-sabab is classified as non-bailable, the bailable status of Qatl-i-Khata sends a contradictory message regarding the seriousness of reckless driving. In accordance with the principles outlined in Section 497 of the Code of Criminal Procedure (Cr.P.C.), it is imperative that Section 320 be designated as non-bailable. This alignment would reinforce the legal framework's deterrent effect against negligent conduct and foster a culture of responsibility among motorists, particularly those from privileged backgrounds.

Moreover, it is essential to uphold the rights of victims and their families within the judicial process. The legal system must ensure that victims have the opportunity to be heard during bail hearings and remand proceedings, as articulated in the principles of natural justice. By advocating for amendments to both the PPC and Cr.P.C., we can create a more coherent and just legal framework that not only protects vulnerable members of society but also holds offenders accountable, thereby enhancing public confidence in the rule of law.

**Sd/-**
**SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM,**
Member, National Assembly

**ANNEXURE-B**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898*

WHEREAS it is expedient further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**-(1) This Act may be called the Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of schedule II, Act V of 1898.**- In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), in Schedule II, in column 1, in section 320, for the corresponding entry related thereto in column 5, for the expression "bailable" the expression "non-bailable", shall be substituted.

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The current legal framework in Pakistan regarding fatal accidents, particularly under Section 320 of the Pakistan Penal Code (PPC), reveals significant deficiencies that require urgent reform. This section categorizes Qatl-i-Khata, resulting from rash or negligent driving, as a bailable offense. Such a classification not only undermines the gravity of the crime but also permits offenders to exploit legal loopholes, resulting in a lack of accountability for actions that can lead to tragic outcomes for victims and their families.

The inconsistency in the treatment of offenses further complicates the legal landscape. While Qatl-bis-sabab is classified as non-bailable, the bailable status of Qatl-i-Khata sends a contradictory message regarding the seriousness of reckless driving. In accordance with the principles outlined in Section 497 of the Code of Criminal Procedure (Cr.P.C.), it is imperative that Section 320 be designated as non-bailable. This alignment would reinforce the legal framework's deterrent effect against negligent conduct and foster a culture of responsibility among motorists, particularly those from privileged backgrounds.

Moreover, it is essential to uphold the rights of victims and their families within the judicial process. The legal system must ensure that victims have the opportunity to be heard during bail hearings and remand proceedings, as articulated in the principles of natural justice. By advocating for amendments to both the PPC and Cr.P.C., we can create a more coherent and just legal framework that not only protects vulnerable members of society but also holds offenders accountable, thereby enhancing public confidence in the rule of law.

**Sd/-**
**SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM,**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۱۷/دسمبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **راجہ خرم شہزاد نواز** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نوشین افتخار | رکن |
| ۵۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۷۔ | حاجی جمال شاہ کاکڑ | رکن |
| ۸۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۹۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | خواجہ اظہار الحسن | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۴۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۸۔ | سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۶ مئی، ۲۰۲۵ء، ۹ جولائی، ۲۰۲۵ء اور ۵/اگست، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں 'ضمیمہ۔الف' کے طور پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں درج ذیل ترمیم تجویز کی:۔

### شق ۲

شق ۲ میں، پیرا (الف) کو حذف کر دیا جائے گا اور پیرا (ب) میں دیئے گئے متن کو عبارت ''جدول II،'' کے بعد تسلسل سے پڑھا جائے گا۔

۴۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی ''ضمیمہ۔ب'' کے طور پر موجود بل کو قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں منظور کرے۔

**دستخط/۔**

**(طاہر حسین)**

سیکرٹری جنرل

اسلام آباد، ۲۰/اگست، ۲۰۲۵ء

دستخط/۔

**(راجہ خرم شہزاد نواز)**

چیئرمین

مسلکہ۔الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذالعمل ہوگا۔

۲۔ **جدول II، ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء کی ترمیم۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں جدول II میں،۔

(الف) کالم I میں، دفعہ ۳۱۹ میں، کالم ۵ میں اس سے متعلق اندراج کی عبارت "قابل ضمانت" کو عبارت "ناقابل ضمانت" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) کالم I میں، دفعہ ۳۲۰ میں، کالم ۵ میں اس سے متعلق اندراج کی عبارت "قابل ضمانت" کو عبارت "ناقابل ضمانت" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

### بیان اغراض ووجوہ

جان لیوا حادثات سے متعلق پاکستان کے موجودہ قانونی ضابطہ کار، خصوصاً مجموعہ تعزیرات پاکستان (پی پی سی) کی دفعہ ۳۲۰ میں واضح خامیاں موجود ہیں جو کہ فوری اصلاح کی متقاضی ہیں۔ دفعہ ہذا لاپرواہ یا بے قابو ڈرائیونگ کے نتیجے میں ہونے والے قتل خطاء کو قابل ضمانت جرم قرار دیتی ہے۔ اس درجہ بندی سے نہ صرف اس جرم کی قابل تشویش نوعیت نظرانداز ہو جاتی ہے بلکہ مجرموں کو قانونی سقم سے ناجائز فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے، جس کے نتیجے میں ان افعال کا احتساب نہیں ہو پاتا جو کہ متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے لیے المناک نتائج کی وجہ بن سکتے ہیں۔

ان جرائم کے خلاف کارروائی میں غیر مستقل مزاجی قانونی منظرنامے کو مزید پیچیدہ بناتی ہے۔ جبکہ قتل بالسبب ناقابل ضمانت جرم ہے، قتل خطاء کو قابل ضمانت جرم قرار دینا بے پرواڈرائیونگ کی سنگین نوعیت کے بارے میں ایک متضاد پیغام دیتا ہے۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۴۹۷ میں مذکورہ اصولوں کے مطابق دفعہ ۳۲۰ میں مذکورہ جرائم کو بھی ناقابل ضمانت گردانا ناگزیر ہے۔ اس موزوں تبدیلی سے لاپرواطرز عمل کی مؤثر حوصلہ شکنی کے لئے قانونی ضابطہ کار کو تقویت ملے گی اور گاڑی چلانے والوں، خصوصاً معاشرے کے بااثر گھرانوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں ذمہ داری کا رجحان پروان چڑھے گا۔

مزید یہ کہ عدالتی عمل کے دوران متاثرہ افراد اور ان کے اہل خانہ کے حقوق کی پاسداری ناگزیر ہے۔ قانونی نظام یہ امر یقینی بنائے کہ متاثرہ افراد کو ضمانت کی بابت عدالتی سماعت اور ریمانڈ دینے کی کارروائی کے دوران شنوائی کا بھرپور موقع فراہم کیا گیا ہو، جیسا کہ عدل وانصاف کا فطری تقاضا ہے۔ مجموعہ تعزیرات پاکستان اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، دونوں میں ترامیم کی حمایت کر کے ہم زیادہ مربوط اور منصفانہ قانونی نظام وضع کر سکتے ہیں جو کہ نہ صرف معاشرے کے کمزور افراد کو تحفظ فراہم کرے بلکہ جرم کے مرتکب افراد کا احتساب عمل میں بھی لائے اور اس طرح قانون کی بالادستی پر عوام کے اعتماد میں اضافہ ہو۔

دستخط/۔

شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام

رکن، قومی اسمبلی

منسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں]

**مجموعہ ضابطہ فوجداری،۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ ضابطہ فوجداری،۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان وآغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل،۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **جدول II،ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء کی ترمیم۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں جدول II میں، کالم I میں، دفعہ ۳۲۰ میں، کالم ۵ میں اس سے متعلق اندراج کی عبارت ''قابل ضمانت'' کو عبارت ''ناقابل ضمانت'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

**بیان اغراض ووجوہ**

جان لیوا حادثات سے متعلق پاکستان کے موجودہ قانونی ضابطہ کار، خصوصاً مجموعہ تعزیرات پاکستان (پی پی سی) کی دفعہ ۳۲۰ میں واضح خامیاں موجود ہیں جو کہ فوری اصلاح کی متقاضی ہیں۔ دفعہ ہذا لاپرواہ یا بے قابو ڈرائیونگ کے نتیجے میں ہونے والے قتل خطاء کو قابل ضمانت جرم قرار دیتی ہے۔ اس درجہ بندی سے نہ صرف اس جرم کی قابل تشویش نوعیت نظرانداز ہوجاتی ہے بلکہ مجرموں کو قانونی سقم سے ناجائز فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے، جس کے نتیجے میں ان افعال کا احتساب نہیں ہو پاتا جو کہ متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے لیے المناک نتائج کی وجہ بن سکتے ہیں۔

ان جرائم کے خلاف کارروائی میں غیر مستقل مزاجی قانونی منظرنامے کو مزید پیچیدہ بناتی ہے۔ جبکہ قتل بالسبب ناقابل ضمانت جرم ہے، قتل خطاء کو قابل ضمانت جرم قرار دینا بے پرواڈرائیونگ کی سنگین نوعیت کے بارے میں ایک متضاد پیغام دیتا ہے۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۴۹۷ میں مذکورہ اصولوں کے مطابق دفعہ ۳۲۰ میں مذکورہ جرائم کو بھی ناقابل ضمانت گردانناناگزیر ہے۔ اس موزوں تبدیلی سے لاپرواطرز عمل کی مؤثر حوصلہ شکنی کے لئے قانونی ضابطہ کار کو تقویت ملے گی اور گاڑی چلانے والوں، خصوصاً معاشرے کے بااثر گھرانوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں ذمہ داری کا رجحان پروان چڑھے گا۔

مزید یہ کہ عدالتی عمل کے دوران متاثرہ افراد اور ان کے اہل خانہ کے حقوق کی پاسداری ناگزیر ہے۔ قانونی نظام یہ امر یقینی بنائے کہ متاثرہ افراد کو ضمانت کی بابت عدالتی سماعت اور ریمانڈ دینے کی کارروائی کے دوران شنوائی کا بھرپور موقع فراہم کیا گیا ہو، جیسا کہ عدل وانصاف کا فطری تقاضا ہے۔ مجموعہ تعزیرات پاکستان اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، دونوں میں ترامیم کی حمایت کرکے ہم زیادہ مربوط اور منصفانہ قانونی نظام وضع کرسکتے ہیں جو کہ نہ صرف معاشرے کے کمزور افراد کو تحفظ فراہم کرے بلکہ جرم کے مرتکب افراد کا احتساب عمل میں بھی لائے اور اس طرح قانون کی بالادستی پر عوام کے اعتماد میں اضافہ ہو۔

دستخط/۔

شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام

رکن، قومی اسمبلی